☆ Roll No. __________ HSSC-(P-II)-A/2024 Paper Code 8 0 2 1

# اُردو لازمی (معروضی)

(For All Sessions)

وقت: 30 منٹ نمبر: 20

## (گروپ-I)

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**(الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

1.1۔ مولانا حالی کی طویل نظم مشہور ہے:
(A) شکوہ (B) جوابِ شکوہ (C) مسدسِ حالی (D) بانگِ درا

2۔ علامہ اقبالؒ نے فلسفہ خودی کے کتنے مراحل بیان کیے ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

3۔ عام طور پر خطاب یا نام رکھ دیئے جاتے ہیں:
(A) انگل سے (B) فہم سے (C) شہرت سے (D) خصوصیات سے

4۔ محمد بن قاسم کی فوج میں گھڑ سواروں کی تعداد تھی:
(A) تین ہزار (B) چار ہزار (C) پانچ ہزار (D) چھ ہزار

5۔ مغل بادشاہ نے پیغام رسانی کے لئے کبوتر پال رکھے تھے:
(A) جہانگیر نے (B) عالمگیر نے (C) بابر نے (D) اکبر نے

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6۔ اسلم کا مال واسباب، دولت، جائیداد تو کچھ نہ:
(A) رہے (B) رہا (C) رہی (D) رہیں

7۔ "کلیاتِ فیض" چھپ:
(A) گئی ہیں (B) گیا ہے (C) گئی ہے (D) گئے ہیں

8۔ "قصص الانبیاء" شائع ہو کر بازار میں آ:
(A) گئی ہے (B) گئے ہیں (C) گئیں ہیں (D) گئی ہیں

9۔ میں نے ملتان کے آموں کو:
(A) میٹھے پایا (B) میٹھا پایا (C) میٹھا پائے (D) میٹھے پائے

10۔ ریوڑ گھاس چر:
(A) رہے ہیں (B) رہی ہے (C) رہا ہے (D) رہی ہیں

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11۔ چاہے پیدل چلو ____ تانگے پر بیٹھ جاؤ۔
(A) یا (B) خواہ مخواہ (C) مگر (D) چاہے

12۔ تفصیلیہ کی علامت ہے:
(A) ؟ (B) :- (C) " " (D) ؛

13۔ رابطہ کی تعریف کریں:
(A) وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ (B) مختصر ٹھہراؤ (C) مکمل ٹھہراؤ (D) سکتے سے زیادہ ٹھہراؤ

14۔ زاہد کالج جا چکا ہے، جملے کے آخر میں علامت استعمال ہو گی:
(A) سکتہ کی (B) وقفہ کی (C) ختمہ کی (D) سوالیہ کی

15۔ سبحان اللہ دلہن خوبصورت ہے۔ اس جملے میں سبحان اللہ کے بعد علامت آئے گی:
(A) وقفہ کی (B) سوالیہ کی (C) فجائیہ کی (D) سکتہ کی

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16۔ رکھنا:
(A) اس نے بستہ اٹھا رکھا ہے (B) قلم رکھنا (C) کتاب یہاں رکھو (D) سامان کمرے میں رکھو

17۔ آنا:
(A) جلدی گھر آنا (B) اس کا دل بھر آیا (C) وہ پرسوں آئے گا (D) تم کب آؤ گے

18۔ رہنا:
(A) قلم یہاں رہنے دو (B) وہ کہاں رہتا ہے (C) وہ گاؤں میں رہتا ہے (D) ندیم دن بھر روتا رہا

19۔ "وہ غم اپنا سنانا چاہتا ہے" میں امدادی فعل ہے:
(A) چاہتا (B) سنانا (C) اپنا (D) غم

20۔ "ذرا ناراض ہوتا ہوں تو فوراً مان جاتا ہے" میں امدادی فعل ہے:
(A) ناراض (B) فوراً (C) مان (D) جاتا